ادارہ

افکار وتاثرات ______ قارئین بنام مدیر

از: حضرت مولانا سید سلمان ندوی ' استاد حدیث ندوۃ العلماء و ناظم جامعہ سید احمد شہید لکھنؤ (بھارت)

سینئر حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ صاحب' بنوی

ڈاکٹر اینڈریو وان (پریذیڈنٹ انٹرنیشنل فاؤنڈیشن سالٹ' ہالینڈ)

جناب عبدالرشید مغل' سرگودھا

عرصہ دراز کے بعد آج تیسری دفعہ دارالعلوم حقانیہ کی زیارت کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔اور حضرت شیخ مولانا سمیع الحق حفظہ اللہ اور انکی نیکوکار وصالح فرزندوں اور ان کے پاکباز اور خوش مزاج ساتھیوں کی ملاقات سے مشرف ہوا۔اس سے پہلے بھی جامعہ ہذا کی حاضری اور زیارت کا موقع ملا تھا اور اس موقع پر یہاں آنا کشمیر وغیرہ کے طویل وعریض زلزلہ سے متاثرہ علاقہ جات کے دیکھنے اور ان کے احوال معلوم کرنے کی وجہ سے ہوا۔اور اسی دن جامعہ ہذا کے تعلیمی سال کا افتتاحی موقع تھا۔ان حضرات دامت برکاتہم نے مجھے موقع محل کی مناسبت سے کچھ کلمات کہنے کا موقع دیا جیسا کہ ہم نے اکوڑہ خٹک کے اس قصبہ میں قیام کیا اور ان مقامات مقدسہ کی زیارت ہوئی جہاں امیر المؤمنین سید احمد شہیدؒ نے جہاد کیا تھا اسی طرح اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس جامعہ میں جس کی خدمات اس منطقہ کی تاریخ میں خصوصاً اور بلاد ہند افغانستان میں وغیرہ کی تاریخ میں عموماً ثبت میں برکات نازل فرمائیں کہ اللہ پاک ہی توفیق دینے والا ہے

(مولانا) سید سلمان ندوی' استاد حدیث ندوۃ العلماء و ناظم جامعہ سید احمد شہید لکھنؤ (بھارت)

مولانا راشد الحق صاحب۔مدیر ماہنامہ ''الحق''

السلام وعلیکم! ماہنامہ ''الحق'' باقاعدگی کے ساتھ موصول ہوتا رہتا ہے۔اور اس کو پڑھ کر بے حد مسرت ہوتی ہے۔یوں تو اس کا ہر شمارہ بہت ہی معیاری اور مفید ہوتا ہے لیکن اکتوبر کا شمارہ تو ہر لحاظ سے بہت ہی خوبصورت اور معیاری تھا۔تمام مضامین انتہائی جامع، علمی اور تحقیقی تھے۔اور زلزلے پر آپ لوگوں کی رائے اور تبصرہ برموقع اور جامع تھا۔نومبر کا شمارہ بھی خوب سے خوب تر کی اعلیٰ مثال تھا۔اس سے پہلے جولائی کے شمارہ میں مولانا ابراہیم فانی صاحب کا سوانحی اور تعزیتی مضمون کو بار بار پڑھا۔واقعی مولانا نے اپنے قلم سے اپنے دوست مولانا حافظ رشید احمدؒ کی تعزیت کا حق ادا کر دیا ہے۔ باقی آپکے رسالہ میں ہندوستانی علماء اور دانشوروں کے مضامین کی اشاعت اسکا ایک اور نمایاں وصف ہے۔دارالعلوم حقانیہ کا ماہنامہ 'الحق' دیگر تمام مجلّات میں ہمیشہ سے ایک امتیازی مقام رکھتا ہے۔پھر آپ کی الحق کیلئے مساعی سے اس

کی ترتیب و تدوین اور معیار میں بڑی بہتری آئی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ میرے شاگرد سے اللہ دین کی اشاعت کا کام لے رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کامیابی میں امام الہند حضرت مولانا ابوالکلامؒ اور مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ سے آپکی محبت اور عقیدت کا بڑا عمل دخل ہے۔ آپ کیلئے ہر وقت دعا گو رہتا ہوں۔

سینیٹر (مولانا قاری) محمد عبداللہ' بنوں۔ نائب امیر جمعیت علماء اسلام صوبہ سرحد۔ وسابق مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

انٹرنیشنل فلاحی و مذہبی ادارہ سالٹ کے پریذیڈنٹ ڈاکٹر اینڈریو وان نے دارالعلوم کی مہمانوں کی کتاب میں یہ تاثرات انگلش میں قلمبند کئے اس کا ترجمہ اور تلخیص نذر قارئین ہے:

''اس عظیم امتیازی جگہ کا یہ میرا پہلا دورہ ہے۔ نوجوان نسل کے لئے ازراہ کرم اس تعلیم کو مستقبل میں جاری رکھیں۔ خدا ہم سے یقین کی راہ پر مزید تعلیم دلوانا چاہتا ہے۔ یہ دنیا بہت بڑی ہے اور ہولناک واقعات کا سامنا ہے۔ مگر ہم اس کیلئے کچھ کر سکتے ہیں۔ خدا آپ کی بخشش فرمائے۔'' (ڈاکٹر اینڈریووان' ہالینڈ)

<u>صوبہ سرحد کے معروف اخبار روزنامہ ''جہاد'' پشاور کے اداریہ میں ماہنامہ ''الحق'' کا اعتراف اور تحسین:</u>

ماہنامہ ''الحق'' کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بعض دوسرے دینی مدارس کے ماہناموں کی طرح ادھر ادھر سے مضامین کی بھرمار نہیں ہوتی بلکہ اس میں ہر مہینے نہایت پر مغز مقالے' سیاسی تبصرے اور دینی مسائل و مضامین موجود ہوتے ہیں جو وقت کے دھارے کے ساتھ قارئین کے دلوں کو گرماتے ہیں اور ان کی دینی' ذہنی و سیاسی معاملات کے بارے میں صحیح رہنمائی کرتے ہوئے انہیں حالات حاضرہ سے بھی باخبر رکھتے ہیں ان کے ادبی ذوق کو جلا بخشتے ہیں تاریخ' تہذیب و تمدن اور دیگر مروجہ علوم و فنون کے بارے میں ان کی تشنگی بجھاتے ہیں

محترم المقام جناب شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' مزاج بخیر۔ ۷/دسمبر ۲۰۰۵ء رات آٹھ بجے بی بی سی نے اسلامی ممالک کی تنظیم مکہ مکرمہ کے اجلاس کی افتتاحی کاروائی نشر کی۔ اس پر آپ کا انٹرویو اور تبصرہ بھی نشر کیا گیا ہے۔ جو کہ عین حدیث نبوی ﷺ کے فرمان اقدس کے مطابق تھا۔ افضل الجهاد (کلمة حق عند سلطان جائر)۔ آپ کا یہ کلمہ حق ان بزدل اور ڈرپوک حکمرانوں نے بھی سنا ہوگا جبکہ دنیا عالم کے مسلمانوں نے سنا ہے۔ بلاشبہ یہ آپ کی حق گوئی اور صداقت امت محمدیہ کی صحیح ترجمانی ہے۔ احقر آپ کی حق گوئی اور جرات کو سلام پیش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے۔ بڑھاپے جسمانی اور دماغی کمزوری ہے۔

آپ کا نیازمند

(عبدالرشید مغل) بھیرہ' ضلع سرگودھا